19/06/2025

07.4O PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........تین ملکونکا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی پہنچے نئی دلی۔

*........ایران اور اسرائیل کے درمیان تناوٗ کے چلتے جموں کشمیرکے طلباءسمیت بھارت کے دیگر شہریوں کو ایران سے نکالنے کا عمل جاری۔

*........وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں صوبے میں موسم گرما کے دوران لوگوں کو ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھنے کی افسرونکو دی ہدایت ۔

اور

*........یوگا کے بین الاقوامی دن میں اب محض ایک دن باقی// تیاریاں اور جوش و خروش اپنے عروج پر ۔

دورہPM

وزیر اعظم نریندر مودی کروشیا ، کینیڈا اور سائپرس کے کامیاب دورے کے بعد آج وطن واپس پہنچ گئے۔ وزیر اعظم نے دورے کے دوران ان ممالک کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ دو طرفہ رشتوں کو مستحکم کرنے سے متعلق امور کے ساتھ ساتھ بھارت-یورپی یونین فری ٹریڈ معاہدے پر بھی سیر حاصل بات چیت کی۔ وفود کے سطح کی بات چیت کے بعد مختلف شعبوں میں شراکت داری کو آگے بڑھانے کیلئے

کئی معاہدوں پر دستخط کئے گئے۔کروشیا کے وزیراعظم کے ساتھ میٹنگ میں نریندر مو دی نے کہا کہ جنگ سے کسی بھی مسئلے کا حل نہیں نکالاجا سکتا۔ انہوں نے تضادات کو حل کرنے کیلئے پر امن راستے اختیار کرنے کی وکالت کی۔

کیرتی وردھن

مرکزی حکومت ایران سے بھارتی شہریوں کو بحفاظت نکالنے کیلئے ہر ممکن کوششیں کر رہی ہے اور بھارتی مشن کے ارکان کو لیکر ایک اور جہا زآج نئی دلی پہنچ رہا ہے ۔اس سے پہلے شمالی ایران سے نکالے گئے 110بھارتی طلباءآج نئی دلی پہنچ گئے جن میں 90کشمیری طلباءبھی شامل ہیں۔ نئی دلی میں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے خارجی امور کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے کہا ۔

تاثرات

واضح رہے کہ بھارت نے ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتے تناؤ کے چلتے ایران سے اپنے شہریونکو نکالنے کیلئے آپریشن سندھوشروع کیا ہے۔کئی طلباءاور ایک والد نے طلباءکے وطن واپس پہنچنے پر اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

وزیر اعلیٰ میٹنگ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران جموں صوبے میں موسم گرما کے دوران لوگوں کو دستیاب اہم خدمات اور سپلائز کی دستیابی کا جائزہ لیا۔ انہوننے مختلف محکموں کے سربراہونکو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کرکے لوگوں کوگرمی کے ان ایام میں ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں ۔ انہوننے خاص طور سے بجلی اور پینے کے صاف پانی کی بلا خلل سپلائی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ،کابینی وزراء، وزیر اعلیٰ کے مشیر اور مختلف محکموں کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

عمر سیاحت

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سرینگر میں سیاحت کے مرکزی وزیر گجندر سنگھ شیخاوت کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران جمونو کشمیر میں سیاحتی سیکٹر کو مزید مستحکم کرنے کےلئے کئے جا رہے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ ان دونوں لیڈروں نے کہا کہ سیاحتی شعبے کو یہاں کے اقتصادی منظر نامے میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے اور اسکی بحالی کےلئے ہر سطح پر سودمند اقدامات کئے جائیں گے۔

گجندر سنگھ

سیاحت کے مرکزی وزیرگجندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ جموں
کشمیر میں پچھلے ڈیرھ مہینے کے دوران سیاحتی شعبہ دوبارہ اپنی پٹری پر لوٹ رہاہے۔ انہوننے کہا کہ اس سال کے آخر تک سیاحتی سرگرمیاں مکمل طور سے بحال ہوں گی اور وادی میں دوبارہ اچھے دن لوٹ آئیں گے۔ پہلگام میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا ۔

شمیم شاہ

ادھروادی میں رفتہ رفتہ سیاحتی سرگرمیاں شروع ہونے پر اس صنعت سے
جڑے وابستہ افراد نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ انتظامیہ کی طرف سے زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے مزید اقدامات کئے جائیں گے۔اس حوالے سے ٹراول ایجنٹس فیڈریشن آف انڈیا جموں کشمیر چیپٹر کے چیر مین شمیم شاہ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

............Shahmeem Shah........

وفد ملاقات

گروپ آف کنسرنڈ اسٹیزن جموں کشمیر کے ایک وفد نے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور ان کے ساتھ متعدد عوامی معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ خاص طور سے طبی نگہداشت کے نظام میں بہتری لانے ،زرعی شعبے میں زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کرنا ،اساتذہ کی تربیت ، اسٹارٹ اپس کو مستحکم کرنا ، روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنا اور شہر سرینگر میں ٹریفک

گنجانیت کو کم کرنے سے متعلق امور کو زیر بحث لایا گیا ۔ وزیر اعلیٰ نے وفد کے مسائل سے غور سے سنے اور یقین دلایا کہ ان پر ہمدردانہ غور کیا جائے گا۔

برس11

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ تحقیق اور ترقیاتی کے شعبے میں پچھلے گیارہ برسوں کی سرمایہ کاری اور اصلاحات کی بدولت بھارت سائنسی ترقی کے ایک نئے سفر پر گامزن ہونے کے ساتھ ساتھ عالمی سطح کے معیارات کو حاصل کرنے میں کامیاب ہوا ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سائنس کے شعبے کو اب کے ایک BJP ملک کی ترقی میں ایک نمایاں حیثیت حاصل ہو رہی ہے۔ دریں اثنا سینئر لیڈر رویندر رینہ نے بھی مرکزی سرکار کی پچھلے برسوں کی حصولیابیوں کو اجا گر کرتے ہوئے کہاکہ جموں کشمیر بھی نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت کے دوران ترقی کے ایک نئے دور میں داخل ہوا ہے۔

BJP

بھارتیہ جنتا پارٹی جمونو کشمیر کی طرف سے آج نگین حضرت بل میں بی جے پی اقلیتی مورچے کے قومی صدر جموال صدیقی کی صدارت میں ایک چوپال پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس دوران لیڈروں نے کہا کہ بی جے پی کی قیادت والی مرکزی سرکار ہر ایک علاقے میں مساوی بنیاد پر ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر DTH اور AIR خبرنآپ آکاشوانی کی موبائیل اپلیکشن نیوز آن سکتے ہیں۔

درخشاں

جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج جموں میں پیر با با بڈھن علی شاہ کے سالانہ عرس تقریبات میں شرکت کی۔ اس عرس میں کا فی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی ۔ ڈاکٹر اندرابی نے اس مو قعے پر جمونو کشمیر کی ترقی اور انسانیت کے بقا کے لئے دعا کی۔ بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے کہا ۔

یوگا

یو گا کے بین الاقوامی دن میں اب صرف ایک دن باقی رہ گیا ہے۔21جون کو منائے جانے والے یوگا کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر دنیا بھر میں کروڑوں کی تعداد میں لوگ یوگا کریں گے۔واضح رہے کہ یوگا انسان کی ذہنی و جسمانی نشو نماءکو فروغ دینے میں اہم رول ادا کرتا ہے۔

یوگا کی اہمیت کے بارے میں کشمیر میں آرٹ آف لیونگ نامی ادارے کی ریجنل ڈائریکٹروندنا دفتری نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

داخلہ

اعلیٰ تعلیم محکمے نے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیورسٹی کیمپسزمیں چار پروگراموں کیلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔PG سالہ انڈ ر گریجویٹ اور انٹگریٹیڈ

خواہشمند طلباءداخلے کیلئے اپنی رجسٹریشن 7 جولائی تک کراسکتے ہیں۔جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے اس بارے میں آکاشوانی نیوز سرینگرکو تفصیلات دیتے ہوئے کہا۔

دریں اثنا ان داخلوں سے متعلق ڈائریکٹر کالجز کے ساتھ صدابند کیا گیا ایک خصوصی انٹر ویو آج رات ساڑھے 8بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہوگا۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے

آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طار ق راتھر

## حج واپسی

جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے حجاج کرام کو لیکر اگلی پرواز 26جون کو سرینگر پہنچ رہی ہے ۔شیڈول کے بارے میں جموں کشمیر حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## دن

نفرتوں پر مبنی تقاریر کے مسئلے سے نمٹنے کا بین الاقوامی دن دنیا بھر میں منایا گیا ۔ ماہرین کا ماننا ہے کہ نفرتوں پر مبنی تقاریر سے امن اور ترقیاتی عمل میں خلل پڑنے کے ساتھ ساتھ تناؤ کو تقویت ملتی ہے ، نیز انسانی حقوق کی بھی پامالی ہو جاتی ہے ۔ لہٰذا اس عمل پر قابو پانا وقت کی اہم ضرورت ہے ۔اس حوالے سے پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر للت کما ر منگوترا نے جموں سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## نشہ مکت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک سماجی کارکن غمگین مجید نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

## رانا

جل شکتی کے او ر قبائیلی امور کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج بارہمولہ میں ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں عملائے جا رہے کئی ترقیاتی پروگراموں اور ڈسٹرکٹ کیپیکس بجٹ کے تحت عملائی جا رہی اسکیموں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں

شمالی کشمیر کے ارکان اسمبلی اور کئی دیگر اعلیٰ افسروں نے بھی شرکت کی ۔ وزیر موصوف نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ کاموں کی معیار کو بر قرار رکھتے ہوئے ان کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

NC

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری شیخ مصطفی کمال نے آج پارٹی کارکنوں کے ایک اجلاس سے خطاب کر تے ہوئے کہا کہ موجودہ سرکار لوگوں کے مسائل کو حل کرنے میں مصروف عمل ہے۔ انہوننے کہا کہ کشمیر کی مکمل ترقی کو یقینی بنانے کےلئے اس کا ریاستی درجہ بحال کیا جانا چاہئے۔

GOC

کی ایک غیر سرکاری تنظیم Puneسیول ملٹری تعاون کی ایک کڑی کے طور پر نے آج جموں Soldiers Independent Rehabilitation Foundation میں فوج کے ٹائیگر ڈویژن کو جدید طرز کی ایک ایمبو لینس گاڑی عطیہ کے طور پر Sumedha کی صدرSIRFاور GOCپیش کی۔ اس موقعے پر ٹائیگر ڈویژن کے بھی موجود تھے۔Yogesh Chitade

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران مو سم عام طور سے خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت19اعشاریہ4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 28اعشاریہ8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر20 منٹ پر اور

غروب آفتاب شام7بجکر46منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا چاہتا ہے۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

اس وقت ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

.........................................

.............................

..................

.......